سوال

agarkisiauratsejinnatnezinakiyatohkyaauratbhigunahgaarhogi

جواب

جنات سے زنا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر کسی عورت سے جنات نے زنا کیا تو کیا وہ بھی گناہ گار ہوگی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ ایسے واقعات کا وقوع تقریبا نا ممکن ہے۔ اور اگر ایسا کوئی واقعہ ہوتا بھی ہے تو اس میں عورت کی مرضی اور عدم مرضی کا اعتبار ہوگا۔ اگر یہ زنا عورت کے رضا اور مرضی سے واقع ہوا ہو تو اس سے عورت بھی گناہ گار ہوگی، اور اگر جنات نے زبردستی ایسا کیا ہو اور اس میں عورت کی مرضی یا اختیار شامل نہ ہو تو امید ہے کہ وہ اللہ کے ہاں بری الذمہ ہوگی۔ اور اسے گناہ نہیں ہوگا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتوی